سوال

(926) بڑی عمر کی عورت کے لیے پردہ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت بڑی عمر کی ہو اور ہاتھوں میں مہندی، کنگن اور پاؤں میں پازیب وغیرہ پہنتی ہو تو کیا اسے اپنے سر سے کپڑا اتارنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے سر کا کپڑا یا چہرہ کا گھونگھٹ یا اپنی عبا وغیرہ اتار دے، کیونکہ یہ چیزیں، جن کا سوال میں ذکر ہوا، اظہار زینت میں سے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 655

محدث فتویٰ